سورۃ عبس (80)

(مکی — کل آیات 42)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عَبَسَ وَتَوَلّٰىٓ (1)

پیغمبر چیں بجبیں (ناخوش) ہوئے اور منہ موڑ لیا۔

اَنۡ جَآءَهُ الۡاَعۡمٰى (2)

کہ ان کے پاس ایک اندھا آیا۔

وَمَا يُدۡرِيۡكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰىٓ (3)

اور آپ کو کیا معلوم کہ شاید وہ پاک ہوجائے۔

اَوۡ يَذَّكَّرُ فَتَنۡفَعَهُ الذِّكۡرٰى (4)

یا وہ نصیحت پکڑلے تو اس کو نصیحت نفع دے۔

اَمَّا مَنِ اسۡتَغۡنٰى (5)

لیکن وہ جو پروا نہیں کرتا۔

فَاَنۡتَ لَهٗ تَصَدّٰى (6)

سو آپ کے لیے توجہ کرتے ہیں۔

وَمَا عَلَيۡكَ اَلَّا يَزَّكّٰى (7)

حالانکہ آپ پر اس کے نہ سدھرنے کا کوئی الزام نہیں۔

وَاَمَّا مَنۡ جَآءَكَ يَسۡعٰى (8)

اور لیکن جو آپ کے پاس دوڑتا ہوا آیا۔

وَهُوَ يَخۡشٰی (9)

اور وہ ڈر رہا ہے۔

فَاَنۡتَ عَنۡهُ تَلَهّٰی (10)

تو آپ اس سے بے پروائی کرتے ہیں۔

كَلَّاۤ اِنَّهَا تَذۡكِرَةٌ (11)

ایسا نہیں چاہیے بے شک یہ تو ایک نصیحت ہے۔

فَمَنۡ شَآءَ ذَكَرَهٗ (12)

پس جو چاہے اس کو یاد کرے۔

فِیۡ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ (13)

وہ عزت والے صحیفوں میں ہے۔

مَّرۡفُوۡعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ (14)

جو بلند مرتبہ اور پاک ہیں۔

بِاَيۡدِیۡ سَفَرَةٍ (15)

ان لکھنے والوں کے ہاتھوں میں۔

كِرَامٍ بَرَرَةٍ (16)

جو بڑے بزرگ نیکوکار ہیں۔

قُتِلَ الۡاِنۡسَانُ مَاۤ اَكۡفَرَهٗ (17)

انسان پر خدا کی مار وہ کیسا ناشکرا ہے۔

مِنۡ اَیِّ شَیۡءٍ خَلَقَهٗ (18)

اس نے کس چیز سے اس کو بنایا۔

مِنۡ نُّطۡفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ (19)

ایک بوند سے اس کو بنایا پھر اس کا اندازہ ٹھہرایا۔

ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ (20)

پھر اس پر راستہ آسان کر دیا۔

ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ (21)

پھر اس کو موت دی پھر اس کو قبر میں رکھوایا۔

ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ (22)

پھر جب چاہے گا اٹھا کر کھڑا کرے گا۔

كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ (23)

ایسا نہیں چاہیے (جو اس نے کیا) اس نے تعمیل نہیں کی جو اس کو حکم دیا تھا۔

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖ (24)

پس انسان کو اپنے کھانے کی طرف غور کرنا چاہیے۔

اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا (25)

کہ ہم نے اوپر سے مینہ برسایا۔

ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا (26)

پھر ہم نے زمین کو چیر کر پھاڑا۔

فَاَنْبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا (27)

پھر ہم نے اس میں اناج اگایا۔

وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا (28)

اور انگور اور ترکاریاں۔

وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا (29)

اور زیتون اور کھجور۔

وَحَدَآئِقَ غُلۡبًا (30)

اور گھنے باغ۔

وَفَاكِهَةً وَّاَبًّا (31)

اور میوے اور گھاس۔

مَّتَاعًا لَّكُمۡ وَلِاَنۡعَامِكُمۡ (32)

تمہارے لیے اور تمہارے چارپایوں کے لیے سامان حیات۔

فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ (33)

پھر جس وقت کانوں کا بہرا کرنے والا شور برپا ہوگا۔

يَوۡمَ يَفِرُّ الۡمَرۡءُ مِنۡ اَخِيۡهِ (34)

جس دن آدمی اپنے بھائی سے بھاگے گا۔

وَاُمِّهٖ وَاَبِيۡهِ (35)

اور اپنی ماں اور باپ سے۔

وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيۡهِ (36)

اور اپنی بیوی اور اپنے بیٹوں سے۔

لِكُلِّ امۡرِیٍٔ مِّنۡهُمۡ يَوۡمَئِذٍ شَاۡنٌ يُّغۡنِيۡهِ (37)

ہر شخص کی ایسی حالت ہوگی جو اس کو اوروں کی طرف سے بے پروا کر دے گی۔

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ مُّسۡفِرَةٌ (38)

اور کچھ چہرے اس دن چمک رہے ہوں گے۔

ضَاحِكَةٌ مُّسۡتَبۡشِرَةٌ (39)

ہنستے ہوئے خوش وخرم۔

وَوُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ عَلَيۡهَا غَبَرَةٌ (40)

اور کچھ چہرے اس دن ایسے ہوں گے کہ ان پر گرد پڑی ہوگی۔

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ (41)

ان پر سیاہی چھا رہی ہوگی۔

أُولَٰئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ (42)

یہی لوگ ہیں منکر نافرمان۔